## کورنگی کراچی کی غریب بستی میں رہنے والی نسیم حمید نے ساؤتھ ایشین گیمز میں تیز ترین ایتھلیٹ کا اعزاز حاصل کرکے کراچی ہی نہیں بلکہ پوری قوم کا سر فخر سے بلند کردیا ہے۔الطاف حسین

## ساؤتھ ایشین گیمز میں ملک کو تاریخی کامیابی سے ہمکنار کرنیوالی نسیم حیدر کو خصوصی انعامات سے نوازا جائے

## پوری قوم کو اپنی اس بیٹی پر فخر ہے،نسیم حمید کو الطاف حسین کی زبردست مبارکباد

## ہمارے ملک میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں،اگر اسے تعصب اور امتیاز سے بالاتر ہوکر آگے لایا جائے تو غریب بستیوں کے کچے گھروں میں موجود ٹیلنٹ بھی ملک کو وکٹری اسٹینڈ پر لاسکتا ہے

لندن۔۔۔10 فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ساؤتھ ایشین گیمز میں 100 میٹر کی ریس میں گولڈ میڈل حاصل کرنے والی کورنگی کراچی کی نسیم حمید کو پوری قوم کی جانب سے زبردست مبارکباد پیش کی ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ کورنگی کراچی کی غریب بستی میں رہنے والی نسیم حمید نے ساؤتھ ایشین گیمز میں تیز ترین ایتھلیٹ کا اعزاز حاصل کرکے کراچی ہی نہیں بلکہ پوری قوم کا سر فخر سے بلند کردیا ہے، پوری قوم کو اپنی اس بیٹی پر فخر ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ نسیم حمید نے بین الاقوامی مقابلے میں گولڈ میڈل حاصل کرکے ثابت کردیا ہے کہ ہمارے ملک میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں ہے،اگر اسے تعصب اور امتیاز سے بالاتر ہوکر آگے لایا جائے تو غریب بستیوں کے کچے گھروں میں موجود ٹیلنٹ بھی ملک کو وکٹری اسٹینڈ پر لاسکتا ہے اور پوری دنیا میں ملک کا نام روشن کرسکتا ہے۔ جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ ساؤتھ ایشین گیمز میں ملک کو تاریخی کامیابی سے ہمکنار کرنیوالی ایتھلیٹ نسیم حیدر کو خصوصی انعامات سے نوازا جائے اور نسیم حیدر اور ان جیسے تمام کھلاڑیوں کی مالی معاونت اور حوصلہ افزائی کی جائے۔

## راولپنڈی میں ایک سیاسی جماعت کی پریس کانفرنس میں صحافیوں پر تشدد کے واقعہ پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کا اظہار مذمت

## اپنی پیشہ وارانہ ذمہ داریاں انجام دینے والے صحافیوں کو بلاجواز تشدد کا نشانہ بنانا انتہائی قابل مذمت اور صحافتی آزادی کے خلاف ہے۔رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔10 فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے راولپنڈی میں ایک سیاسی جماعت کی پریس کانفرنس کے موقع پر صحافیوں پر تشدد کے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا ہے کہ اپنی پیشہ وارانہ ذمہ داریاں انجام دینے والے صحافیوں کو بلاجواز تشدد کا نشانہ بنانا اور ان کے ساتھ بہیمانہ سلوک کرنا انتہائی قابل مذمت اور صحافتی آزادی کے خلاف ہے۔رابطہ کمیٹی نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ اس واقعہ کا فوری نوٹس لیا جائے اور صحافیوں پر تشدد کرنیوالے افراد کو گرفتار کیا جائے۔

## خیبر ایجنسی کی تحصیل جمرود میں سیکورٹی فورسز کی گاڑی پر خودکش حملہ ملک کو غیر مستحکم کرنے کی سازش ہے،الطاف حسین

لندن۔۔۔10،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے خیبر ایجنسی کی تحصیل جمرود کے علاقے وزیر ڈنڈ میں سیکورٹی فورسز کی گاڑی پر خودکش بم دھماکہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور دھماکہ میں سیکورٹی فورس کے جوانوں سمیت متعدد افراد کے جاں بحق اور زخمی ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ دہشت گرد ملک کو غیر مستحکم کرنے کیلئے مسلسل پاک فوج،سیکورٹی فورسز، پولیس کے جوانوں وعوام کو دہشت گردی کا نشانہ بنارہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ خیبر ایجنسی میں سیکورٹی فورسز کی گاڑی پر خودکش حملہ بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ جو درندہ صفت عناصر ملک کے خلاف سازشیں کرکے پاک فوج،سیکورٹی فورسز کے جوانوں ومعصوم عوام کو درندگی کا نشانہ بنارہے ہیں اور خودکش حملے اور دھماکوں میں ملوث ہیں وہ انسانیت کے کھلے دشمن ہیں۔ الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری،وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک سے مطالبہ کیا کہ خیبر ایجنسی کی تحصیل جمرود میں سیکورٹی فورسز کی گاڑی پر خودکش حملے میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے اور دہشت گردوں کا نیٹ ورک ختم کیا جائے۔ جناب الطاف حسین نے خیبر ایجنسی کی تحصیل جمرود میں خودکش دھماکہ میں شہید ہونے

والے افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ دھماکہ میں شہید ہونیوالے تمام افراد کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں کمی کا فائدہ ملک بھر کے عوام کو پہنچایا جائے، حق پرست ارکان قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔10،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے مطالبہ کیا ہے کہ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں کمی کا فائدہ ملک بھر کے عوام کو پہنچایا جائے اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کئے جانے والا حالیہ اضافہ فی الفور واپس لیکر عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں بڑھنے پر فوری طور پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کردیا جاتا ہے جس کا اثر غریب عوام پر پڑتا ہے جبکہ عالمی منڈی میں ہی تیل کی قیمتوں میں کمی کے فائدہ سے ملک بھر کے عوام محروم رہتے ہیں جو سراسر ناانصافی کے مترادف ہے۔انہوں نے کہا کہ بدترین مہنگائی کے باعث عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے لہٰذا حکومت کی جانب سے عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں کمی کے پیش نظر ملک بھر میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا اعلان کیا جائے۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر پیٹرولیم نوید قمر سے مطالبہ کیا کہ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں کمی کا فائدہ ملک بھر کے عوام کو پہنچانے کیلئے فی الفور پیٹرولیم مصنوعات میں کمی کی جائے اور اس ضمن میں عوامی توقعات کا احترام یقینی بنایا جائے۔

## ایم کیو ایم قیام امن کیلئے کوشاں ہے، بم دھماکہ ملک کو غیر مستحکم کرنے کی سازش ہے، شیعہ علمائے کرام
## جناح اسپتال کے باہر بم دھماکہ میں خون کے عطیات دینے کیلئے پہنچنے والے کارکنان کی شہادت انتہائی افسوس ناک ہے
## علامہ فرقان حیدر عابدی اور علامہ شجاعت عباس قمّی کی خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی۔۔۔10/فروری2010ء

شیعہ عالم دین علامہ فرقان حیدر عابدی اور علامہ شجاعت عباس قمّی نے منگل کے روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے رکن شاہد لطیف سے ملاقات کی اور شہدائے کربلا کے چہلم کے موقع پر جناح اسپتال کراچی میں حالیہ بم دھماکہ میں خون کے عطیات دینے کیلئے پہنچنے والے حق پرست یوسی ناظم سمیت ایم کیو ایم کے 7 کارکنان کی المناک شہادت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا۔اس موقع پر جمشید ٹاؤن کے حق پرست ناظم وعلماء کمیٹی کے انچارج جاوید احمد ودیگر ارکان بھی موجود تھے۔ملاقات میں شیعہ علمائے کرام نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردوں کا نہ تو کوئی مذہب ہے اور نہ ہی ان کا کسی فقہ سے کوئی تعلق ہے، دہشت گرد صرف اور صرف ملک وقوم کو نقصان پہنچانے کیلئے گھناؤنی سازشیں کررہے ہیں تاکہ دہشت گردی کے ذریعے ملک کو غیر مستحکم کرکے ملکی سالمیت کو نقصان پہنچایا جاسکے۔علماء نے شہر میں قیام امن کیلئے قائد تحریک الطاف حسین کی کاوشوں کو سراہا اور متحدہ قومی موومنٹ کی امن پسندی اور اتحاد بین المسلمین کیلئے کوششوں کی تعریف کی۔علماء نے کہا کہ ملک انتہائی نازک صورتحال سے گزر رہا ہے اس صورتحال میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے جو مفاہمت کی پالیسی اپنائی گئی ہے وہ وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔علماء نے کہا کہ شاہراہ فیصل پر بم دھماکہ کے بعد جناح اسپتال میں بم دھماکہ کا مقصد بھی زیادہ سے زیادہ لوگوں کو نقصان پہنچانا تھا تاکہ شہر کا امن خراب کیا جائے اور شہر کا آگ اور خون میں نہلایا جاسکے۔علماء نے قیام امن کیلئے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا اور بم دھماکوں میں شہید ہونے والے ایم کیو ایم کے کارکنان اور عزاداران حسین کی مغفرت، ان کے بلند درجات اور ایصال ثواب کیلئے دعائیں کیں۔رکن رابطہ کمیٹی شاہد لطیف نے علامہ فرقان حیدر عابدی اور علامہ شجاعت عباس قمّی کو نائن زیرو آمد پر قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے خوش آمدید کہا اور شہر میں قیام امن کیلئے بھرپور تعاون کی یقین دہانی پر شکریہ ادا کیا۔

## متحدہ قومی موومنٹ ضلع بولان کے تحت کراچی میں بم دھماکہ کے شہداء کیلئے ضلعی آفسوں میں قرآن وفاتحہ خوانی

کوئٹہ۔۔۔10رفروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ بلوچستان کے ضلع بولان کے ضلعی دفتر میں کراچی میں شہداء کیلئے تعزیتی اجتماع منعقد ہوا اجتماع میں کراچی بم دھماکوں کے تمام شہداء کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی اورشہداء کوزبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔تعزیتی اجتماع میں ضلعی آرگنائزرمشتاق احمدکلواڑ واراکین ضلعی آرگنائزنگ کمیٹی عطا اللہ، محمد ایوب ، ڈاکٹرعبدالرزاق ،امداداللہ،مختاراحمد،محمداسلم بھٹی،محسن علی،امان اللہ،غلام رسول کے علاوہ دیگرذمہ داران وکارکنان اور ہمدردعوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔تعزیتی اجتماع میں شہداء کے ایصال ثواب کیلئے غریبوں میں نیاز بھی تقسیم کی گئی۔

## ایم کیوایم کے کارکنان نے انسانوں کی جانیں بچانے کیلئے اپنی قیمتی جانیں قربان کردی اورایک نیک مقصدکی خاطر جام شہادت نوش کیا، لاہورزون

لاہور۔۔۔10رفروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ پنجاب کے زیراہتمام لاہورزون کے تمام ڈسٹرکٹ میں کراچی میں حالیہ بم دھماکوں کے شہداء کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی اوردھماکوں میں انسانیت کے نام پرجانیں نچھاورکرنے والے ایم کیوایم کے کارکنان سمیت تمام شہداء کوزبردست خراج عقیدت اورسلام عقیدت پیش کیا گیااورکہا گیا کہ ایم کیوایم کے کارکنان نے انسانوں کی جانیں بچانے کیلئے اپنی قیمتی جانیں قربان کردی اورایک نیک مقصدکی خاطر جام شہادت نوش کیا۔لاہورزون کے اراکین نے شہداء کے لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کااظہارکرتے ہوئے انہیں یقین دلایا کہ ایم کیوایم کے تمام کارکنان ان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔اراکین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ان شہیدوں کی شہادت کوقبول فرمائے اوران کے درجات بلند کرے۔( آمین )

☆☆☆☆☆